94870-ائرپورٹ پر ملازمت کرنے والے دوست سے فری ٹکٹ لینے کا حکم

سوال

میرا ایک دوست ائرپورٹ پر ملازم ہے، اوراس نے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ وہ ائرلائن کے حساب سے مجھے مفت ٹکٹ لا کر دیگا، میں وہاں ملازمت نہیں کرتا، تو کیا میرے لیے وہ ٹکٹ استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں ؟
اور اگر وہ میرے لیے بک کروادے تو کیا مجھے کیا کرنا چاہیے، کیا میں اسے واپس کردوں ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو آپ کا دوست مباح اور جائز طریقہ سے ٹکٹ حاصل کرتا ہے مثلا اسے ائرلائن سے ہدیہ ملے، جس میں نہ تو وہ جھوٹ بولے، اور نہ ہی رشوت دے، اور نہ ہی کوئی اور حیلہ کرے، تو پھر آپ کے لیے وہ ٹکٹ قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں.

لیکن اگر وہ یہ ٹکٹ حرام طریقہ سے حاصل کرتا ہے تو پھر آپ یہ ٹکٹ قبول نہ کریں، اور نہ ہی حرام کام میں اس کے معاون بنیں.

واللہ اعلم.